© rasailojaraid.com

کو بعض علماء کے مشوروں سے پبلک لمیٹڈ کمپنی کا رنگ دیکر تجارتی ادارہ بھی بنا دیا گیا ہے۔ تاکہ جو لوگ اس کے اغراض و مقاصد سے اتفاق رکھیں وہ اس کے حصص بھی خرید سکیں اور یہ ایک مشترکہ جماعتی ادارہ بن سکے۔ کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اور کچھ اہم اور وقیع کتابیں بھی شائع ہو چکی ہیں جو لوگ اس کام کو مفید اور اہم علمی خدمت سمجھیں گے انشاء اللہ وہ ضرور اس میں تعاون فرما کر ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق بنیں گے۔ ادارہ کی تفصیلات کے لئے اس پتہ پر رجوع کیا جا سکتا ہے۔

مولانا عبدالرشید ارشد۔ مکتبۂ رشیدیہ لمیٹڈ ۴۲ اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ (سمیع الحق)

---

**انسانِ کامل صلی اللہ علیہ وسلم** از خالد علوی صاحب۔ صفحات: ۶۷۶۔ قیمت ۳۶/- روپے
ناشر: یونیورسٹی بک ایجنسی، ۱۹۴ انار کلی، لاہور۔ لکھائی و چھپائی صاف، کاغذ سفید پرنٹنگ۔

جناب پروفیسر خالد علوی صاحب نے سیرت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک جامع کتاب لکھی ہے جس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ موصوف نے اصل کتابوں سے حوالے لینے میں بہت ہی کاوش کی ہے۔ اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر اپنوں اور بیگانوں نے سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کتابیں لکھی ہیں، مگر جو بھی نیا آدمی درست نیت کے ساتھ اس موضوع پر قلم اٹھاتا ہے۔ اللہ کے خزانے سے اجر پا ہی لیتا ہے۔ پروفیسر خالد علوی صاحب کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے۔ اس لئے کتاب میں دیگر اہل علم کے ساتھ۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی تحریروں سے بھی حوالے دیئے ہیں۔ اس کتاب کی افادیت و اہمیت کے پیش نظر ہم اس کے مطالعہ کی پر زور سفارش کرتے ہیں۔

کتاب میں احادیث اور سیر کی کتابوں سے جتنے بھی حوالے دیئے گئے ہیں۔ ان پر اعراب نہیں دیئے گئے اگرچہ اردو ترجمہ دے دیا گیا ہے۔ جسکی وجہ سے عام قارئین کا عربی پڑھنا مشکل ہو گیا ہے۔ اور وہ طلبہ جو اعراب دیکھ کر یاد کرنا چاہیں گے، انہیں ضرور تکلیف ہوگی اس لئے کہ بغیر اعراب کے صحیح عربی پڑھنے والوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔ ص ۴۲ پر سورہ زخرف کی آیت کے ٹکڑے کے آخر میں حوالہ ۱۰۱ اور سورۃ الانعام کی آیت ۱۲۵ کا حوالہ بھی ۱۰۱ دیا گیا ہے، جو صحیح نہیں ہے۔

کتاب میں جگہ جگہ موقع و محل کی مناسبت سے عربی اور فارسی کے عمدہ اشعار اکثر بغیر اردو ترجمہ کے دیئے گئے ہیں۔ اگر فاضل مصنف اردو ترجمہ ساتھ لکھ دیتے تو قارئین ان سے پوری طرح لطف اندوز ہو سکتے۔

کتاب کی قیمت ۳۶/- روپے بہت ہی زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ دوسرے ایڈیشن میں اگر ان گذارشات کی رعایت رکھی گئی تو اس قابل قدر کتاب سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد میں قابل قدر اضافہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ مصنف کی اس کامیاب کوشش کو قبولیت سے نوازے آمین۔ (تبصرہ نگار۔ قاری فیوض الرحمان ایم اے)

© rasailojaraid.com